8192- نماز جنازہ میں امام کے کھڑا ہونے کی جگہ

سوال

امام کے آگے میت کے سر اور پاؤں کی اعتبار سے میت کس طرح رکھی جائے ؟

پسندیدہ جواب

میت امام کے آگے رکھی جائے گی، اگر
مرد ہے تو اس کا سر امام کے برابر ہوگا اور اگر عورت ہے تو اس کا درمیان، جیسا کہ
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح احادیث میں ثابت ہے.

اور اگر میتوں میں مرد و عورت اور
بچے ہوں یعنی زیادہ ہوں تو امام کے قریب مرد اور پھر بچہ اور پھر عورت اور پھر بچی
رکھی جائے گی، اور عورت کا درمیان مرد کے سر کے برابر رکھا جائے گا تا کہ امام ان سب
کی شرعی جگہ پر کھڑا ہو سکے.

واللہ اعلم.